چہل اسرار

غزلیاتِ شاہِ ہمدان



ڈاکٹر م۔م۔ مسعودی

چہل اسرار

غزلیاتِ شاہِ ہمدانؒ

ڈاکٹر م م مسعودی

چہل اسرار

غزلیاتِ شاہِ ہمدانؒ

تحقیق و تدوین

اور

ترجمہ

کشمیری — اردو — انگریزی

از

ڈاکٹر م م مسعودی

اشاعت اوّل :- ۱۹۹۶ء
تعداد :- پانچ سو پچاس
مطبع :- انیس آفسیٹ پرنٹرز ۔ دریاگنج ۔ نئی دہلی ۔ ۲
ناشر :- حنان پبلشرز، نسیم باغ ۔ سرینگر ۔

مصنّف کی دیگر مطبوعات

۱۔ کشمیر کے فارسی ادب کی تاریخ
۲۔ ریختن سے رنجیت تک
۳۔ فکر و نظر ۔
۴۔ ریشہ ہائے فارسی دوسرا سر جہان
۵۔ جدید فارسی نثری ادب
۶۔ دیوان واصل (زیر طبع)
۷۔ فارسی کشمیری فرہنگ (زیر طبع)
۸۔ رنجیت سے راو تک (زیر طبع)

Chehil Asrar

GHAZALIYAT-E-SHAH-E-HAMADAN

Edited & Translated
By
Dr. M.M. MASOODI

Chehal Asrar

Dr. M. M. Masoodi

Ace Books
Srinagar, Kashmir

Chehil Asrar

Edited & Translated

by

Dr. M.M. Masoodi

First Edition-1996

Published by Hannan Publishers,
Naseem Bagh, Hazratbal, Srinagar.
through Ace Book Service,
Asar Colony, Nageen, Hazratbal,
SRINAGAR-190 006 (Kashmir)

انتساب

مرحومہ ہمشیرہ غفر اللہ عنہا

کی یاد میں

جو

بے لوث محبتوں اور خلوص کا ایک

انمول خزانہ تھا جس سے میں

اچانک محروم ہوگیا۔

محمد منور مسعودی

مندرجات

اخلاصِ عمل مانگ نیاگانِ کہن سے

ہو تیرے بیاباں کی ہوا تجھ کو گوارا — اس دشت سے بہتر ہے نہ دلّی نہ بخارا
جس سمت میں چاہے صفتِ سیلِ رواں چل — وادی یہ ہماری ہے، وہ صحرا بھی ہمارا
غیرت ہے بڑی چیز جہانِ تگ و دو میں — پہناتی ہے درویش کو تاجِ سرِ دارا
حاصل کسی کامل سے یہ پوشیدہ ہنر کر — کہتے ہیں کہ شیشہ کو بنا سکتے ہیں خارا
افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر — ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا
محروم رہا دولتِ دریا سے وہ غواص — کرتا نہیں جو صحبتِ ساحل سے کنارا
دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملت — ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارا
دنیا کو ہے پھر معرکۂ روح و بدن پیش — تہذیب نے پھر اپنے درندوں کو ابھارا
اللہ کو پامردیِ مومن پہ بھروسا — ابلیس کو یورپ کی مشینوں کا سہارا
تقدیرِ امم کیا ہے! کوئی کہہ نہیں سکتا — مومن کی فراست ہو تو کافی ہے اشارا

اخلاصِ عمل مانگ نیاگانِ کہن سے
شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا!

(اقبالؒ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

'چہل اسرار' ملتِ اسلامیہ کشمیر کے عظیم محسن حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کے بے بہا تحائف میں سے ایک ہے۔ ان کے دوسرے گراں قدر تحائف مثلاً 'ذخیرۃ الملوک' 'منہاج العارفین' اور 'اوراد فتحیہ' کی طرح ان کا یہ تحفہ بھی انکے عرفان اور روحانی تجربے کی کوکھ سے جنم لیتا ہے اور قلب و نظر کو زندگی سے مالامال کر دیتا ہے۔ ایسی مبارک تصنیف سے کسی طرح کی نسبت حاصل ہو جانا ایک بہت بڑی سعادت مندی ہے جس کا مجھ جیسا بے عمل اور تہی دامن آدمی کسی طور سے اپنے آپ کو مستحق نہیں سمجھتا۔ یہ میرے بھائی ڈاکٹر منور مسعودی کا میرے بارے میں حسنِ ظن ہے کہ انہوں نے پیشِ نظر تالیف پر مجھ سے کچھ لکھنے کی فرمائش کی۔

حضرت میر سید علی ہمدانیؒ فی الاصل ایک مخلص اور دردمند داعیِ اسلام تھے۔ یہ انکی داعیانہ شفقت تھی جس کی بناء پر وہ ہمدان سے ترکِ وطن کر کے کشمیر تشریف

لائے اور یہاں اسلام کی روشنی عام کی۔ اگرچہ دینِ حق کا تعارف یہاں محدود پیمانے پر اُن کے آنے سے پہلے ہی ہو چکا تھا تاہم اسے یہاں کی اکثریت کا مذہب بنانے میں اُن کا رول سب سے اہم ہے۔ کشمیر میں اسلام کی اشاعت اور اس کے استحکام کے سلسلے میں اُنکی عظیم خدمات کے باعث انہیں یہاں بانیِ مسلمانی اور شاہِ ہمدانؒ کے القاب سے یاد کیا جاتا ہے۔ حضرت شاہ ہمدانؒ کی ہمہ جہت شخصیت کے بے شک اور بھی کئی تابناک پہلو ہیں لیکن وہ سب کے سب اُنکی داعیانہ حیثیت کے تابع ہیں۔ چنانچہ نظم و نثر میں اُنکی کلکِ گوہر بار سے جو کچھ صادر ہوا ہے وہ بھی اُنکی داعیانہ شخصیت کا ایک پرتو ہے اور اسکی مناسب تفہیم اور تعیّن قدر کے لئے اس بات کا ذہن نشین رہنا بہت ضروری ہے۔ بالفاظ دیگر اُنکی شاعری تبلیغی یا دینی شاعری ہے اور اسے اسی حیثیت سے پرکھا جانا چاہیئے۔

مذہبی اور دینی شاعری کو ایک طرح سے دو بڑی اقسام پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک قسم کی شاعری وہ ہے جس میں دین کے اصول و عقائد یا اسکے متعلق مختلف مسائل کو یک گونہ شیریں اور سہل الحفظ بنانے کے لئے شعر کا جامہ پہنایا جاتا ہے۔ اپنی اصل کے اعتبار سے یہ شاعری ایسی ہی ہے جیسی وہ شاعری جو عربی گرامر کے خشک مضامین کو دلچسپ بنانے کی خاطر بتکلف تیار کی گئی ہے جیسے کہ حروفِ جر کے متعلق یہ شعر

بائُ و تاؤُ و کاف و لام و واو و منذ و مُذ خلا
رُبَّ حَاشَا مِن عَدَا فِی عَن عَلٰی حتّٰی اِلٰی

یا حروف جوازمِ المُضارِع کے بارے میں یہ شعر

اِن و لَمْ، لَمَّا و لامِ امر و لاءِ نہی نیز
پنج حرف جازم فعل اند و ہر یک بے دغا

یا پھر زوائدات کے متعلق یہ شعر

سَأَلْتُ الْحُرُوفَ الزَّوَائِدَاتِ عَنْ اِسْمِهَا
فَقَالَتْ وَلَمْ تَبْخَلْ أَمَانٌ وَتَسْهِيلُ

اسی نہج پر ہمارے بہت سے فقہاء نے مسائلِ فقہ کو فہم اور یادداشت کے لئے آسان بنانے کی خاطر نظم کی صورت میں ڈھال لیا ہے۔ اسی طرح قرآنی مطالب و مفاہیم اور احادیث سے ماخوذ مضامین کو نظم کرنے کی بہت سی کوششیں کی گئی ہیں۔ اس قسم کی شاعری سے ادب کا کوئی بھی حساس اور دراک طالب علم جمالیاتی تسکین کی توقع نہیں رکھتا اسلئے کہ وہ جانتا ہے کہ اس کے موزون ہونے کا ایک مخصوص مقصد ہے جس سے آگے اسکی نظر نہیں جاتی جیسا کہ بآسانی دیکھا جاسکتا ہے کہ اس قسم کی شاعری کے وجود میں آنے کے عمل میں لاشعور سے زیادہ شعور کی اور جذبۂ واحساس سے زیادہ تعقّل اور کسب و مہارت کی کارفرمائی ہوتی ہے۔

دوسری قسم کی مذہبی شاعری وہ ہے جو دینی حقائق کی تعلیم وتدریس کے لئے نہیں لکھی جاتی بلکہ گہرے مذہبی تجربے اور جامع و پُراسرار صوفیانہ بصیرت کے منبع سے صادر ہوتی ہے۔ اس قسم کا صوفیانہ تجربہ انسانی وجود کی گہرائیوں میں محسوس ہوتا ہے اور اپنی شدت اور تاثیر کے اعتبار سے ایک ذاتی واردات کی حیثیت رکھتا ہے اور جو چیز ذاتی واردات بن جاتی ہے وہ اگر شعر کی صورت میں جلوہ گر ہو تو مستند تخلیق سامنے آتی ہے۔ صوفیانہ تجربے کے متعلق مشکل یہ ہے کہ یہ بالعموم ناقابل ترسیل ہوتا ہے اسلئے کہ یہ سرحدِ ادراک سے حددرجہ ماوراء ہوتا ہے۔ شاعری اور صوفیانہ تجربے میں اہم ترین قدرِ مشترک یہ ہے کہ دونوں میں مافوق العقل عنصر شامل ہوتا ہے مگر درجہ

اور نوع دونوں کے اہم فرق کے ساتھ۔ صوفیانہ تجربہ سراسر ماوراء عقل ہوتا ہے اسلئے اکثر اسکی ترسیل ممکن نہیں ہوتی جبکہ شاعرانہ تجربے میں قوتِ تعقّل و تفکّر اور ماوراء عقل عناصر باہم دگر ایک نامیاتی وحدت کی صورت میں موجود ہوتے ہیں اسلئے اسکی ترسیل نسبتاً آسان ہوتی ہے۔ حق یہ ہے کہ شاعری کی نسبت ترسیل کا لفظ اس سیاق و سباق میں غیر موزون ہے اسلئے کہ شاعر الفاظ ہی کی صورت میں تجربے کو اپنی گرفت میں لاتا ہے اور شاعری جب حقیقی معنوں میں مستند ہو تو یہ الفاظ ناقابلِ تبدّل ہوتے ہیں۔ ایک ایسی شخصیت جو صوفیانہ بصیرت اور شاعرانہ صلاحیت سے بیک وقت بہرہ ور ہو اس راہ کی مشکلات کا گہرا شعور رکھتی ہے۔ رومی ایک ایسے ہی کٹھن مرحلے سے عہدہ برآ ہونے کے لئے اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ :

اے خدا بنمائے جاں را آں مقام
کاندراں بے حرف می روید کلام

دراصل زبان ان تجربات انسانی کی ترسیل کے لئے وضع ہوئی ہے جو محسوس و موجود اشیاء و مظاہر کے ساتھ انسان کے تعلق سے پیدا ہوتے ہیں۔ جن تجربات کا تعلق موجودِ محسوس سے پرے غیبی امور کے ساتھ ہو یا جو انسانی روح ــ جو اپنی ماہیت میں غیب ہی کا ایک حصہ ہے ــ کے کوائف سے متعلق ہوں انکی مکمل ترسیل سے انسانی زبان قاصر ہے۔ صوفیانہ بصیرت کی حامل ایسی شخصیات جو شاعرانہ صلاحیت سے متصف ہوتی ہیں انسانی زبان کو شکست وریخت اور تعمیر نو کے ذریعے اپنے تجربے کا آئینہ دار بنانے کی کوشش کرتی ہیں۔ اس قسم کی مستند مذہبی شاعری کے نمونے رومیؒ ــ حکیم ابوسعید ابوالخیرؒ، ڈن (صاحبِ منظومات مقدسہ)، جارج ہربرٹ، ایمیلی ڈکنسن،

کرسٹینا روزیٹی، ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ (چار چوسازیے FOUR QUARTETS والا ایلیٹ) اور اپنے گھر کے آس پاس، للہ عارفہ کے کلام میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ اس قسم کی شاعری غیر متزلزل ایمان کے بطن سے پیدا ہو۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ یہ شخصیتِ انسانی کی گہرائیوں میں پائے جانے والے ایک ایسے کرب سے برآمد ہوتی ہے جو لاینحل ذاتی گتھیوں، فلک کی بے قراری، ہستی کی ناپائیداری کے گہرے اور دکھ بھرے شعور، خیر و شر کی قوتوں اور رجحانات میں انسان کے اندر اور باہر کی رزم آرائی کے المناک مشاہدہ اور ایک پُراسرار کائنات میں تحیر و درماندگی کے احساس سے پیدا ہوتا ہے۔ تخلیقی زاویۂ نگاہ سے یہی مذہبی شاعری سب سے زیادہ پُراثر اور جاندار ہوتی ہے۔

شاہ ہمدان رحمۃ اللہ علیہ کی شاعری مذکورہ بالا دو قسم کی مذہبی شاعریوں کے بیچ کی چیز ہے۔ یہ نہ تو نری تعلیم و تلقین ہے اور نہ ہی کسی گہرے کرب اور کشمکش کی آئینہ دار ہے۔ اس کے برعکس اس کے اندر چند اذعانات اور معتقدات پر گہرا اعتماد اور ذاتِ حق کے تئیں خود سپردگی کا اطمینان جھلکتا نظر آتا ہے۔ اس قسم کے اعتماد و اطمینان سے جو شاعری وجود میں آتی ہے اسکی اپنی رعنائیاں اور بلندیاں ہوتی ہیں۔ اسکی عظیم ترین بلندیوں میں وہ مقامات شامل ہیں کہ جہاں بات تو سیدھی سادھی ہوتی ہے مگر شاعری ہوتی ہے۔ سادہ، عُریاں اور بے لباس حقیقت اپنی ایک مخصوص جاذبیت رکھتی ہے جو کسی صناعی اور مشاطگی کی محتاج نہیں ہوتی۔ ٹیگور کی گیتانجلی جب

THOU HAST MADE ME ENDLESS, SUCH IS
THY PLEASURE.

کا ساز چھیڑ کر اپنی روانی اور برجستگی کے ساتھ بجنے لگتی ہے تو سماں بندھ جاتا ہے۔

دانتے کا

IN THY WILL IS OUR PEACE.

اسی اطمینان کا اظہار ہے۔ ڈن کا

THOU HAST MADE ME AND SHALL
THY WORK DECAY?

جارج ہربرٹ کا

AH MY DEAR GOD! THOUGH I AM CLEAN FORGOT
LET ME NOT LOVE THEE, IF
I LOVE THEE NOT.

فرانسس ٹامپسن کا

NOTHING BEGINS AND NOTHING ENDS
THAT IS NOT PAID WITH MOAN
FOR WE ARE BORN IN OTHER'S PAIN
AND PERISH IN OUR OWN.

اور کرسٹینا روزیٹی کا

THE BIRTHDAY OF MY LIFE
IS COME, MY LOVE IS COME TO ME.

اسی قبیل کی شاعری کے نمونے ہیں۔ اس قسم کی شاعرانہ بلندیاں استناد کا وہی درجہ

رکھتی ہیں جو اوپر مذکور دوسری قسم کی مذہبی شاعری کو حاصل ہے۔ اس قسم کی شاعری کے نمونے اگرچہ شاہ ہمدانؒ کے یہاں بہت کم ہیں لیکن کہیں کہیں ضرور نظر آتے ہیں۔ مثال کے طور پر ذیل کے اشعار ملاحظہ ہوں :

دیدہ علائیؒ عیاں بر ورق کائنات
جملۂ ذرات کون پیشِ رخش در سجود

عاشقاں عکسِ رخت در ہمہ اشیا بینند
سِر سودائے تو در سینہ ہویدا بینند

اگر تو بر سر کویش دمی گذر یابی
کنوز غیب دو عالم بیک نظر یابی
چراغ مجلسِ روحانیانِ عالم قدس
ز نور تست گر از نور جاں خبر یابی
ندائے ہاتفِ غیبی ز لا مکاں ہر دم
بہ گنج دل شنوی گر از خود خبر یابی

تو کوئے دوست ہمی جوئی و نمیدانی
کہ گر نظر بہ حقیقت کنی تو آں کوئی

پہلے دو اشعار کو پڑھتے ہی سعدیؒ کا عظیم شعر یاد آتا ہے :

برگِ درختان سبز در نظرِ ہوشیار
ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار

اور آخری تین شعر رومیؒ اور اقبالؒ کی بھی یاد دلاتے ہیں اور اُس صوفیانہ فلسفے کی بھی کہ جس کی نمایندگی مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ کا مشہور مقولہ کرتا ہے۔ تاہم یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ شاہ ہمدانؒ کی شاعری کی اصل لے خودی کی نہیں بلکہ نیستی اور خود فراموشی کی ہے۔ قطرے کا سمندر کے اندر گم ہونا ہی اُس کا منتہائے مقصود ہے ۔ :

چو قطرہ غرقِ دریا شد بکلّی
ہمہ دریاست اینجا کیف و کم نیست

عشق جاناں آتش و جانِ علائیؒ خس بود
خس چو در آتش فنا شد دیگر آں را خس مخواں

تن چو زندانت و جانت سدِ راہِ جانِ جاں
جانِ جاں گر بایدت با بند و با زنداں مساز

مسعودی صاحب نے چہل اسرار کا جو مخصوص نسخہ مرتب کیا ہے اس کے ساتھ کشمیری زبان میں ایک نوع کا منظوم ترجمہ بھی شامل ہے۔ اس پر مرتب نے اپنے اردو نثری ترجمے کا بھی اضافہ کیا ہے۔ جہاں تک کشمیری ترجمہ کا تعلق ہے یہ، جیسا کہ خود مسعودی صاحب نے اشارہ کیا ہے، خامیوں سے پُر ہے اور اسکی اہمیت محض تاریخی

ہے۔ یہ کسی ولی اللہ صاحب کا ترجمہ ہے۔ اسلوب سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ یہ ولی اللہ متو کا ترجمہ نہیں بلکہ کسی اور ولی اللہ صاحب کا ہے واللہ اعلم بالصواب

چہل اسرار کا ایک خوبصورت کشمیری ترجمہ چند سال پہلے پروفیسر غلام محمد شاد نے 'کشف الانوار' کے نام سے کیا ہے۔ اس کے پیش گفتار میں وہ لکھتے ہیں:

"کشمیری زبان میں ان غزلوں کا اولین ترجمہ حضرت ولی اللہ نے کیا ہے جس سے شائقین کا حقہ' مستفید نہیں ہو سکے اس میں زبان و بیان کی شدید خامیاں ہیں اور یہ درحقیقت ایک چیستان بن کر رہ گیا ہے اور اسے کسی بھی لحاظ سے منظوم ترجمہ نہیں کہہ سکتے ہیں یہ نثر پراگندہ ہے۔

شاد صاحب کا اپنا منظوم ترجمہ بلاشبہ ایک قابلِ قدر تخلیقی کارنامہ ہے۔ مسعودی صاحب نے اچھا کیا ہے کہ اردو ترجمے میں شعر کے بجائے نثری ترجمانی سے کام لیا ہے۔ اس ترجمے کے حسن و قبح کا فیصلہ تو قارئین کرام خود فرمائیں گے میں صرف ایک بات کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ جو شاعری حقیقی معنوں میں شاعری ہو اُس کا ترجمہ انتہائی مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ ایک بڑا تخلیقی فن کار جب اس قسم کی شاعری کو ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرتا ہے تو ایک نئی تخلیق وجود میں آتی ہے۔ دوسرے درجے کی شاعری کا جہاں تک تعلق ہے تو زیادہ سے زیادہ یہ ممکن ہے کہ اس کے مفہوم و مدلول کا ترجمہ کیا جائے اور ایسی ترجمانی کے لئے نظم سے زیادہ نثر ہی موزوں رہتی ہے۔ لہٰذا مسعودی صاحب نے چہل اسرار کے اردو ترجمے کے لئے نثر کا جو انتخاب کیا ہے وہ صحیح اور مناسب ہے۔ ترجمہ میں کہیں

کہیں حد سے زیادہ اختصار کی وجہ سے جو گرہیں رہ جاتی ہیں انہیں مترجم نے جا بجا اضافوں کے ذریعے کھولنے کی کوشش کی ہے۔

بحیثیتِ مجموعی چہل اسرار کا یہ نسخہ فارسی زبان و ادب کے محققین' مطالعات وسطِ ایشیا' کے طالب علموں اور شائقین شاہ ہمدان کے لئے ایک نادر تحفہ ہے۔

اس پیش لفظ کے لکھے جانے کے بعد ڈاکٹر مسعودی کو یہ مناسب اور بروقت خیال آیا کہ چہل اسرار کے کشمیری اور اردو ترجمے کے ساتھ ساتھ اگر اس کا انگریزی ترجمہ بھی شامل کیا جائے تو کتاب کی وقعت اور قدر و قیمت میں بہت اضافہ ہوگا اسلئے کہ اس سے نہ صرف یہ کہ قارئین کا حلقہ بڑھ جائے گا بلکہ شاہ ہمدان کی تخلیقی حیثیت انگریزی دان طبقے میں بھی متعارف ہوگی یہ بلاشبہ ایک حسنِ آغاز ہے اور عین ممکن ہے کہ شاہ ہمدان کی دوسری نگارشات کے انگریزی ترجمے کے لئے تحریک کا باعث ثابت ہو۔ اس ترجمے کو میرے شاگرد رشید اور کشمیر یونیورسٹی کے شعبۂ انگریزی کے ایک ہونہار استاد' ڈاکٹر جی۔ آر۔ میر نے بہت دیدہ ریزی کے ساتھ دیکھا ہے اور یہ کافی سند ہے اس بات کی کہ ترجمہ خوب ہے۔ امید ہے کہ ادب شناس حلقے میں چہل اسرار کے اس مخصوص ایڈیشن کی وہی پذیرائی ہوگی جس کا یہ مستحق ہے۔

پروفیسر غلام رسول ملک
صدر شعبہ انگریزی
دانش گاہ کشمیر۔ سرینگر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

مثل کلیم ہو اگر معرکہ آزما کوئی
اب بھی درخت طور سے آتی ہے بانگ لاتخف

کشمیر میں اسلام کی آمد اسلامی تاریخ کا انتہائی خوش کن باب ہے۔ کیونکہ کشمیر وہ واحد خطہ ہے جہاں مسلمان فاتح کی شکل میں نہیں بلکہ مبلغین کی حیثیت سے آئے اور جہاں اسلام تبلیغی جذبہ کے تحت رائج ہوا یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ کشمیر میں اسلام عربوں کے ذریعے نہیں بلکہ جنوبی اور وسط ایشیائی مسلمان صوفیا کے ہاتھوں پروان چڑھا ہے تاریخ کے صفحات سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی آمد سے قبل کشمیری سماج طبقاتی نظام اور اسکے وحشتناک نتائج کا شکار ہو چکا تھا چند با اقتدار اشخاص کو چھوڑ کر تقریباً سماج کے بھی طبقے زندگی گزارنے کے بنیادی وسائل سے محروم تھے۔ اسلامی نظام زندگی اور اسلامی نظام معیشت ان کے لئے ایک زبردست پناہ گاہ تھی۔ جہاں وہ کھل کر آزادی کی فضا میں سانس لے سکتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ اسلام کی آمد کے ساتھ ہی کشمیری عوام کا ایک کثیر طبقہ اسلامی نظام کے زیر سایہ آگیا۔

اگرچہ اسلام کی آمد نے کشمیری معاشرہ کی قلب ماہیت کر دی تھی۔ لیکن چودھویں صدی عیسوی کی نصف دہائی تک پرانی حکومت قائم رہی اس وقت تک امور سلطنت کے اہم عہدے برہمنوں ہی کے ہاتھوں میں تھے اور ہندو عہد حکومت کے زوال کے بعد بھی سنسکرت بہت دنوں تک سرکاری زبان کی حیثیت سے رائج رہی۔ اسکی ایک بین مثال حضرت بہاؤالدین ؒ کے مقبرہ پر نصب سنسکرت کا کتبہ ہے یہ وہ زمانہ ہے جب کشمیر پر سلطان محمد شاہ کی حکومت تھی۔ (۱۴۸۴ء) اسٹائین نے اپنے مقدمہ راج ترنگنی میں ایسے اور بہت سے دیگر کتبوں کی نشاندہی کی ہے۔ جو سرینگر اور اسکے اطراف کے مقبروں پر ملتے ہیں (ان کتبوں کی صحیح تاریخ کا علم نہیں ہے)

سلطان صدرالدین (رتن جو، رنج پوئی، رتن چن، لہاچن گیا، لیوریچن، رنجوشاہ) یا رینچن شاہ کشمیر کا پہلا مسلمان بادشاہ ہے۔ صدرالدین رینچن شاہ نژاداً لداخی تھا رینچن شاہ چودھویں صدی کے اوائل میں ایک مرد عارف و خداشناس حضرت بلبل شاہ ؒ کی تبلیغ دین سے متاثر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوا۔ اسلام کی طرف اسکی رغبت و تمائل کا سبب بلبل شاہ ؒ کی شخصیت کے علاوہ خود شہمیر کی صحبت بھی تھی جو اسکے دربار کا ایک اہم درباری تھا کہا جاتا ہے کہ بلبل شاہ راجہ سہ دیو کے عہد میں پہلی بار کشمیر وارد ہوئے تھے ان کے اصل نام کے بارے میں اختلاف ہے کچھ تذکرہ نگاروں کا کہنا ہے ان کا اصل نام سید عبدالرحمان تھا کچھ سید شرف الدین بتاتے ہیں اور بعض مورخین کا کہنا ہے کہ ان کا اصلی نام سید شرف الدین عبدالرحمان ترکستانی تھا لیکن یہ بات مسلم ہے کہ وہ ایک ترکستانی سید اور شیخ شہاب الدین سہروردی کے شاگرد تھے۔

رینچن شاہ کے اسلام قبول کرنے کے سلسلہ میں مختلف قسم کی داستانیں تذکروں میں ملتی ہیں۔ رینچن خود مذہب کا پیرو تھا لیکن دوسرے مذاہب بالخصوص ہندو دھرم

اور اسلام کے مطالعہ سے اسے رغبت تھی اور ان دونوں مذاہب کے فلسفے کو جاننے کے لئے ان مذاہب کے علماء سے استفادہ کیا کرتا۔ ایک بار اس نے کشمیر کے ہندو اور مسلمان عالموں کو دعوت دی کہ دونوں مذاہب کے علماء اس کے پاس آکر اپنے مذاہب کی تعلیمات پر روشنی ڈالیں۔ جو لوگ اس دعوت کو قبول کرتے ہوئے ریچن شاہ کے پاس گئے ان میں حضرت بلبل شاہ بھی تھے۔ جن کے طرز گفتار اور دینی دلائل و براہین سے وہ سخت متاثر ہوا اور آخر میں بلبل شاہ کے ہاتھ پر بیعت کرکے مسلمان ہوگیا اور سلطان صدر الدین کا لقب اختیار کرکے دین اسلام کو فروغ دینے کی طرف راغب ہوا۔ ریچن شاہ کی بیعت اسلام کا واقعہ بڑا دلچسپ ہے۔ تاریخ حسن میں یہ واقعہ یوں آیا ہے۔

"وقتیکہ ریچن کہ بمذہب بدھ بود بجہانبانی استقلال یافت و بکثرت اختلاف مذاہب وملل مذاہب اصلی را خلل دیدہ خواست کہ در ملک ما تحت خود یک ملت مروج سازد۔ چونکہ دخول مذہب شیوہ معتبر بود و در مذاہب دیگر ہم ماند پس بادل خود سنجید کہ فردا کسیکہ اول صبح می بینم بمذہب او گروئیم۔ بامدادان جناب سید شرف الدین ملقب بہ بلبل شاہؒ دیدکہ بر ساحل آنروئی دریا بہیت نمازی خواند۔ وغاز و نیاز او پسندیدہ با اہل وعیال خود بمذہب او گرویدہ ...... بملک صدر الدین ملقب ساخت۔"

ریچن شاہ کے اسلام قبول کرنے کے فوراً بعد ہی اسکے بہنوئی اور حکومت کے دوسرے بڑے حکام نے بھی اسلام قبول کرلیا۔ بلبل شاہ کا مقبرہ آج بھی سرینگر میں محلہ بلبل لنکر میں موجود ہے۔ ۷۲۷ھ مطابق ۱۳۲۷ء میں بلبل شاہؒ نے وفات پائی۔ بلبل شاہ کی تاریخ وفات اس شعر سے نکلتی ہے:

تاریخ وصل حضرت شاہ
بلبل قدس گفت خاص اللہ

بلبل شاہؒ کے بعد جن سادات کی جماعت نے سرزمین کشمیر کو مشرف بہ اسلام کیا ان میں سید جلال الدین معروف بہ مخدوم جہانیاں جہانگیر سید تاج الدین اور سید حسین سمنانی ہیں لیکن مقامی تذکروں میں تفصیل سے ان مبلغوں کی تبلیغی فعالیتوں کا ذکر موجود نہیں ہے۔

کشمیر میں دین اسلام کو وسعت دینے اور ایک مشن کی حیثیت میں اسے پروان چڑھانے کا کام حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ کے ہاتھوں انجام پایا۔ جنہیں کشمیر کے لوگ احتراماً شاہ ہمدان کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ معروف بہ شاہ ہمدانؒ کشمیر کی تاریخ میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ کیونکہ آپؒ نے روحانی کمالات اور اخلاق حسنہ سے بہت قلیل عرصے میں سرزمین کشمیر میں توحید اور نور اسلام کی شمع روشن کرکے لاکھوں لوگوں کی راہ حق کی طرف رہنمائی فرمائی۔ مبلغ ہونے کے علاوہ آپؒ بیک وقت مصلح قوم، ادیب، شاعر صوفی، محدث اور اعلیٰ پایہ کے عالم تھے۔

شاہ ہمدانؒ کا اصل نام میر سید علیؒ تھا۔ آپؒ شہر ہمدان جو اس وقت ملک عراق کی حدود میں شامل تھا، میں پیدا ہوئے۔ اسی لئے آپ ہمدانی کہلاتے ہیں۔ آپ کے والد بزرگوار کا نام سید شہاب الدینؒ تھا۔ جو وقت کے ممتاز رئیس ہونے کے ساتھ ساتھ زہد و تقویٰ کے بلند مقام پر فائز تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ جناب سید علاؤ الدین ہمدانیؒ کی سگی ہمشیرہ تھیں۔ وہ بھی زہد و تقویٰ میں کمال کے درجے پر پہنچی تھیں۔ شاہ ہمدانؒ کا

سلسلہ نسب بقول فاضل محقق اجناب ڈاکٹر شمس الدین احمد "تیرہویں پشت تک حضرت امام حسین علیہ السلام سے ملتا ہے" کشمیر انڈر سلاطنز کے مصنف کے بقول "سید علی ہمدانی سادات میں سے تھے" شاہ ہمدانؒ کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے بقول فاضلِ محقق جناب ڈاکٹر فاروق بخاری "آپؒ ۱۲، رجب ۷۱۴ھ مطابق ۲۱، اکتوبر ۱۳۱۴ء میں پیدا ہوئے" لیکن بیشتر محققین نے آپکی تاریخ پیدائش ۱۲، ماہِ رجب ۷۱۳ھ مقرر کی ہے۔ کلمۂ "رحمۃ اللہ" سے ۷۱۳ھ کی تاریخ برآمد ہوتی ہے۔ شاہِ ہمدانؒ نے ابتدائی تعلیم اپنے ماموں جناب علاء الدین سمنانیؒ سے حاصل کی۔ آپؒ نے سات سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔ آپؒ نے بائیس "۲۲" سال تک حضرت شیخ شرف الدین مزدقانیؒ کے حضور میں روحانی تربیت پائی اور بعد میں اپنے مرشد کے حکم سے تین بار سات سال تک دنیا کے مختلف ممالک کا سفر کیا جن میں عرب و عجم، ہندوستان، ماوراء النہر، ترکستان اور دوسرے اسلامی ممالک شامل ہیں۔ اس سفر میں آپ نے چودہ سو سے زاید علماء اور مشایخ سے روحانی اور دینی استفادہ کیا۔ آپؒ نے علوم باطنی اور ظاہری میں اتنا کمال حاصل کیا کہ آپؒ کو "شاہِ ہمدان" "امیر کبیر" "علی ثانی" جیسے القاب سے یاد کیا جانے لگا۔ حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ تین دفعہ کشمیر آئے۔ آخری بار جب آپ کشمیر سے حرمین شریفین جانے کا ارادہ کرکے پکھلی کے راستے سے جا رہے تھے، تو یوسف زئی کے علاقے میں پہنچ کر ۵ دن تک بیمار رہے اور ذی الحجہ کی چھٹی شب ۷۸۶ھ کو "یا اللہ، یا رفیق یا حبیب" کا ورد کرتے ہوئے دارِ فانی سے راہی ملک بقا ہوئے۔ آپؒ کے جسدِ مبارک کو آپ کے خلیفۂ خاص شیخ قوام الدین بدخشیؒ نے چھ ماہ کا پیدل سفر طے کرکے ختلان پہنچایا جہاں آپ ۷۸۶ھ میں مکین خاک ہوئے۔

• کشمیر میں شاہِ ہمدانؒ کی آمد

شاہ ہمدانؒ نے کشمیر میں اپنی تشریف آوری سے قبل کشمیر کے حالات معلوم کرنے کی غرض سے اپنے ایک قریبی رشتہ دار عارف سید حسین سمنانیؒ کو ساداتِ کرام کی ایک جماعت کے ساتھ کشمیر روانہ کیا۔ اس کے بعد ۷۷۴ھ میں سلطان شہاب الدین کے زمانے میں پہلی بار واردِ کشمیر ہوئے "مقدم شریف" سے آپکے ورود مبارک کی تاریخ برآمد ہوتی ہے۔ اس دفعہ آپؒ نے یہاں چار ماہ کے قیام کے دوران کشمیر کے حالات کا بغور مطالعہ کیا۔ دوسری بار آپؒ ۷۸۱ھ میں سلطان قطب الدین کے زمانے میں پوری تیاری کے ساتھ تشریف فرما ہوئے۔ اس بار انہوں نے بلند پایہ علماء و فضلاء، مبلغین، ماہرینِ صنعت و حرفت اور سرکردہ فنکاروں کی ایک جماعت اپنے ساتھ لائی۔ جن کی تعداد مختلف تاریخوں اور تذکروں میں متفرق نظر آتی ہے لیکن عام طور پر ان کی تعداد سات سو بتائی جاتی ہے۔ شاہ ہمدانؒ نے اپنے ان رفقاء کو ریاست کے دور دراز علاقوں میں تبلیغ دین کے لیے روانہ کیا۔ جگہ جگہ خانقاہیں اور درسگاہیں تعمیر کروائیں۔ کالی شوری مندر کے پجاری سے زبردست روحانی معرکہ کے بعد لوگ جوق در جوق حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے۔ صنعت و حرفت کے ماہرین نے یہاں کے لوگوں کو گوناگوں علوم و فنون اور صنعت و حرفت کا فن دیا۔ سلطان قطب الدین کی شخصیت پر شاہ ہمدانؒ نے خاصا اثر ڈالا۔ اس کے عقد میں دو جڑواں بہنیں تھیں۔ شاہ ہمدانؒ کی شریعت میں باریکیاں سمجھانے پر سلطان قطب الدین نے ایک بہن کو طلاق دے دی۔ سلطان قطب الدین نے امیر کبیرؒ کی ایما پر قطب الدین پورہ میں "دار القرآن" نام کا ایک علمی مرکز قائم کیا جس میں دینی تعلیم کے علاوہ دوسرے علوم و فنون کی تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ شاہ ہمدانؒ ۷۸۵ھ میں تیسری دفعہ واردِ کشمیر ہوئے۔ یہاں کے دینی اور علمی کاموں کا جائزہ لیکر

آپ ۷۸۶ھ میں پکھلی کے راستے واپس چلے گئے۔ لیکن راستے میں ہی علیل ہوئے اور خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ علامہ اقبالؒ نے آپؒ کے ان دینی، علمی اور فنی کارناموں کو یوں سراہا ہے

سیّد سادات سالارِ عجم　　دستِ او معمارِ تقدیرِ اُمم
خطہ را آں شاہِ دریا آستیں　　داد علم و صنعت و تہذیب و دیں
آفرید آں مردِ ایرانِ صغیر　　با ہنرہای غریب و دلپذیر

● شاہِ ہمدانؒ بحیثیتِ شاعر اور ادیب

اوپر اشارہ ہو چکا ہے کہ شاہ ہمدانؒ نہ صرف مبلغ تھے بلکہ آپؒ بلند پایہ عارف ادیب اور شاعر بھی تھے۔ فاضل محقق جناب ڈاکٹر شمس الدین احمد نے لکھا ہے:

"حضرت میر سیّد علی ہمدانیؒ .... ایک بلند مرتبہ عارف، صوفی زاہد، عابد، ادیب اور شاعر تھے۔ جن سے ایک سو سے زائد رسالے منسوب ہیں۔ ان تصانیف میں "ذخیرۃ الملوک"، منہاج العارفین" "اورادِ فتحیہ"، "مکتوبات"، "رسالۂ مناجات"، "شرحِ فصوص الحکم" "سیر الطالبین" "آداب المریدین" اور "چہل اسرار" معروف ہیں۔ بیشتر تصانیف فارسی میں ہیں اور متصوفانہ اور معرفت کے مطالب سے پُر ہیں۔ رسالۂ مناجات خواجہ عبداللہ انصاریؒ کے اسلوب میں لکھا ہے اور "ذخیرۃ الملوک" پُر تکلف و پُر تصنع فارسی سے عاری، رواں اور قریب الفہم فارسی میں لکھا ہے۔"

فاضل محقق جناب ڈاکٹر سیّد محمد فاروق بخاری نے لکھا ہے:

"ان کی تصانیف ڈیڑھ سو سے تجاوز کرتی ہیں۔ اگرچہ آج ان میں

سے بہت سی نایاب ہیں۔ تاہم چھوٹے رسالے کافی تعداد میں موجود ہیں۔"

برگزیدہ محقق جناب پروفیسر عبدالقادر سروری نے شاہ ہمدانؒ کے ان عربی رسالوں کی نشاندہی یوں کی ہے۔

"رسالۂ معرفتِ زہد، رسالۂ اورادیہ، چہل حدیث، رسالۂ ذکریہ، رسالۂ قدسیہ، رسالۂ خواطریہ، رسالہ احادیث"

شاہ ہمدانؒ کی تصانیف کا موضوع تفسیر، حدیث، تصوف، فلسفہ وغیرہ ہے۔ ان میں علمی تموج ہے مگر لب و لہجہ نہایت پُرسکون اور ناصحانہ ہے۔ ان کی اکثر تحریروں سے امام غزالیؒ اور دوسرے اکابرِ صوفیہ کا رنگ جھلکتا ہے۔ آپ امام غزالیؒ اور شیخ نجم الدین کبرویؒ کا حوالہ جگہ جگہ دیتے ہیں۔ آپ کی اکثر کتابوں کی طرزِ نگارش نہایت سادہ، سلیس اور بہتے پانی کی طرح رواں ہے۔

رسالۂ مناجات حضرت خواجہ عبداللہ انصاریؒ کی مشہور مناجات کی تقلید میں لکھا گیا ہے۔ اورادِ فتحیہ انہوں نے عام مسلمانوں اور کشمیری مسلمانوں کے لیے خاص طور پر بطور تحفہ عنایت کیا ہے۔ یہ اتنا انمول تحفہ ہے کہ یہ آج بھی کشمیر کے لاکھوں مسلمانوں کو زبانی یاد ہے اور اکثر مساجد اور خانقاہوں میں باجماعت اور نمازِ فجر کے بعد بالجہر پڑھا جاتا ہے۔ یہ عربی نثر و نظم کا ایک انوکھا آمیختہ ہے۔ اس میں عالمانہ وقار بھی ہے اور دردمند دل کے جذبات کا سیلِ رواں بھی۔ اللہ کی ذات و صفات، صفات خواہ جلالی ہوں یا جمالی، کی تکرار و تلقین، بندے کی عجز و درماندگی، مفلسوں کی بے کسی، اولیاء کا تحیّر و حقیقتِ حسن اور مقامِ خلق، مرتبہ عبدیت اور مقامِ معبودیت، آنحضرتؐ اور اصحابِ کبارؓ پر درود و سلام اس رسالے کے خصوصی مضامین ہیں۔ شرحِ فصوص الحکم

میں فلسفہ وحدت الوجود بڑی آن بان کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ہر ایک نقش (نگینہ)
ایک ایک پیغمبر محمدؐ کے لئے مختص ہوا ہے۔

● چہل اسرار کی پُراسرار تخلیق

کشمیر کے تمام صوفی حلقوں میں یہ بات مشہور ہے کہ شاہ ہمدانؒ رمضان المبارک کے مہینے میں ایک دن خانقاہِ معلیٰ میں تشریف فرما تھے کہ آپ کے چالیس مرید یکے بعد دیگرے آپکی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ (شاہ ہمدانؒ) کو اپنے ہاں شام کے کھانے کی دعوت دی اور آپؒ نے سبھی کو مثبت جواب دیا۔ آپکے خلیفۂ خاص جناب شیخ قوام الدین بدخشیؒ سبھی کی دعوت قبول کرتے دیکھ کر ورطۂ حیرت میں پڑ گئے لیکن اس بارے میں کچھ پوچھنے کی جرأت نہ کر سکے۔ نمازِ مغرب کے بعد شاہ ہمدانؒ خانقاہِ معلیٰ میں ہی واقع اپنے حجرۂ خاص میں داخل ہوئے اور اندر سے دروازہ بند کر دیا۔ کچھ وقت گزارنے کے بعد باہر آئے اور باجماعت نمازِ عشا ادا فرمائی۔ اگلے روز جب خانقاہِ معلیٰ میں عقیدت مندوں اور مریدوں کا اجتماع ہوا تو گذشتہ روز کے سبھی چالیس داعی یہ دعویٰ کر رہے تھے کہ شاہِ ہمدانؒ نے کل شام کا کھانا اُن کے ہاں تناول فرمایا اور ہر کوئی اپنے اس دعویٰ کے ثبوت میں ایک ایک غزل پیش کر رہا تھا جو کہ اُن کو کھانا کھانے کے موقعہ پر تحفۃً دی گئی تھی اور حقیقت تھی کہ شاہِ ہمدانؒ اس شام کو ظاہری طور پر خانقاہِ معلیٰ سے باہر نکلے ہی نہ تھے اس طرح چالیس غزلوں کا یہ مجموعہ تیار ہوا جو "چہل اسرار" کے نام سے مشہور ہے۔ اس روایت کو معتقد حضرات اب تک سینے سے لگائے چلے آرہے ہیں اور اس کی حقیقت کچھ بھی ہو' یہ ضرور ہے کہ شاہ ہمدانؒ عالم باعمل اور زبردست موحّد ہونے کے ساتھ ساتھ شاعر اور ادیب بھی تھے۔ اس لئے ہم ان کے کلام کی شعری اور معنوی

حیثیت میں ان کے میلانِ طبع کو ان کے کلام کے ترجمے کے ذریعے اجاگر کرنے کی سعی کریں گے۔ واللہ اعلم واحکم بالصواب والیہ المرجعُ والمآب۔

● چہل اسرار کی شاعرانہ خصوصیات

چہل اسرار محبوب حقیقی کی عظمت اور جاہ و جلال سے مالامال ہے۔ اس کی ہر غزل میں عشق و محبت کے جذبات بہتے پانی کی طرح رواں ہیں۔ شاعر ہر وقت اپنے محبوب کے بکھرے ہوئے نور' اُس کے ظہور اور اسکی خوشبو سے سرشار اور مست دکھائی دیتا ہے۔ اندازِ بیان سادہ' سلیس اور رواں ہونے کے ساتھ ساتھ ہر غزل کا ہر شعر دریا کو کوزے میں بند کرنے کے بمصداق ہے۔ نادر تشبیہات' اچھوتے استعارات اور دل کش تراکیب ان کی ہر غزل کی نمایاں خصوصیت ہے۔ چہل اسرار فلسفہ "ہمہ از اوست" کی دلالت کرتا ہے اور یہ بات ایک موحّد کی ہی زبانی سننے کو مل سکتی ہے ساتھ ہی ساتھ قرآن واحادیث اور علمِ تصوّف کے رموز سے بھرپور واقفیت رکھنے والے حضرات چہل اسرار کی شاعرانہ پُرکاری سے محظوظ ہو سکتے ہیں کیونکہ اس میں قرآن واحادیث کے ساتھ ساتھ علمِ تصوف کی اصطلاحات برجستگی اور مہارت کے ساتھ بروئے کار لائی گئی ہیں۔ بعض غزلوں میں ایک ہی لفظ کو یا دو متضاد لفظوں کو بار بار استعمال کرکے انہیں معنی کی مختلف جہتوں میں برتا گیا ہے۔ ایسی غزلیں غزلِ مسلسل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ علامہ اقبال کی شاعری کی نمایاں علامتوں میں سے "شاہین" کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ لگتا ہے کہ علامہ اقبالؒ نے یہ علامت چہل اسرار سے مستعار لی ہے کیونکہ دونوں شاعروں نے شاہین کو ایک ہی ڈھنگ سے شاعری میں بروئے کار لایا ہے ؎

برتن و جان چند لرزی چون نیرزی ارزنی

صعوہ با ارزن گذار و بر ورش شہباز شو

گر ہمای قاف قربی بالِ ہمت بر کشا

در فضای لامکان با قدسیان انباز شو

چون علائی صیدِ عنقای جلالش گشت از آن

بر ضمیرش داغِ اشکالِ معمّا میکشد

● فلسفہ ہمہ ازاوست کی مثالیں ؎

چو قطرہ غرقِ دریا شد بکلی

ہمہ دریاست آنجا کیف و کم نیست

از تجلّای جمالش ہمہ ذراتِ جہان

مستِ عشقند بہاری کہ ازان کوی وزید

عشقِ جانان آتش و جانِ علائی خس بود

خس خود در آتش فنا شد دیگر آنرا خس مخوان

● قرآن و احادیث اور علمِ تصوّف کی اصطلاحات کے استعمال کی مثالیں ؎

قدسیان کوس اطیعوا اللہ بر جان کوبند

از دل و نفس سمعنا و اطعنا شنوند

ہر سحر آہ جہان سوز بر آرند زجان

ربِّ سلّم ہمہ از گنبدِ خضرا شنوند

از مدینہ وفا چو بہ شہبہ صفا رسند

بر محزہ قبول کرم ربنا زنند

از آبِ دیدہ غسل کنند و لبطور دل

از سرِ عشق نالہ فاغفر لنا زنند

● ایک ہی لفظ یا دو متضاد لفظوں کو بار بار استعمال کر کے انہیں مختلف جہتوں ، ستوں اور معنی سے روشناس کیا ہے ؎

از کنارِ خویش می یابم دمادم بوی یار

زان ہمی گیرم بہر دم خویشتن را در کنار

چون کنارم را میانی نیست پیدا ہر زمان

در میانِ خونِ دل جانم غمش کرد کنار

چون کنارم را میانی نیست زان در حیرتم

کاینچنان نازک میانی نیست دائم در کنار

نی میانش را کناری نی کنارم را میان

از میانِ آتشِ عشقش نمی یابم کنار

بر کنار است آنکہ سودای میانش در سر است

از میانِ خود بیرون شد گرچہ بود اندر کنار

نیست کس را از میانش جز کنار اندر دو کون

از میانِ این چنین دولت کسی جوید کنار

از کنارش گر علی بوی میانش یافتی

در خیالِ آن میان از خویش گشتی بر کنار

● غزل مسلسل یا تمثیلی غزل کا نمونہ ۔

در تجلی تنگنہ ام زورق کہ دو عالم در دوست مستغرق

فی زورق توان شناخت محیط   فی محیط از وجود آن زورق
آب شد زورق و ز سیل آمود   اینست معنی مشکل و مغلق
بہ تفاوت مبین کہ اصل وجود   نشود مختلف بہ ہیچ نسق
کفر و اسلام و بدعت و سنّت   اختلافست درمیان فریق
حق پرستی و ما و من گفتن   راہ گم کردۂ زہی احمق
ای علی لفظ ما و من تہمتست   چون زما بگذری بماند حق

• چہل اسرار کی تدوین و ترجمہ

چہل اسرار کی تدوین کے سلسلے میں راقم کو اُس کے تین مختلف قلمی نسخے جموں کشمیر کے محکمہ اشاعت و تحقیق کے شعبۂ مخطوطات واقع کشمیر یونیورسٹی سے دستیاب ہوئے ہیں جو وہاں ایکسیشن نمبر ۲۱۲۳، ۲۷۲۳ اور ۲۹۲۹ کے تحت موجود ہیں۔ ایکسیشن نمبر ۲۱۲۳ کی کتابت بہت عمدہ، کاغذ صاف اور کرم خوردگی سے محفوظ ہے۔ لیکن اس میں صرف ستّرہ غزلیں درج ہوئی ہیں۔ اگرچہ اس نسخے کی پہلی، پانچویں اور چھٹی غزل ہمارے ترتیب و تدوین کردہ چہل اسرار میں بھی اسی ترتیب کے تحت درج ہوئی ہے لیکن دوسری غزل، غزل نمبر ۴، تیسری غزل، غزل نمبر ۹، چوتھی غزل، غزل نمبر ۲۰، ساتویں غزل، غزل نمبر ۱۰، آٹھویں غزل، غزل نمبر ۲، نویں غزل، غزل نمبر ۳، دسویں غزل، غزل نمبر ۷، گیارہویں غزل، غزل نمبر ۸، بارہویں غزل، غزل نمبر ۱۱، تیرہویں غزل، غزل نمبر ۳۶، چودہویں غزل، غزل نمبر ۱۳، پندرہویں غزل، غزل نمبر ۱۲، سولہویں غزل، غزل نمبر ۱۴ اور سترہویں غزل، غزل نمبر ۱۵ کی ترتیب میں درج ہے۔ اس قلمی نسخے کا کاتب اور سال نقل دونوں نامعلوم ہیں۔ باقی دو نسخوں (جنکا ذکر آگے آئیگا) کے ساتھ تقابلی مطالعہ کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ اس کی کتابت نہایت احتیاط سے کی گئی ہے

اور خطا علمی کی خامیاں بہت کم ہیں۔ چونکہ باقی دو قلمی نسخوں کی تاریخ کتابت اور سال نقل بھی معلوم نہیں ہے۔ اس لئے یہ قلمی نسخہ ان ستّرہ غزلوں کی تدوین و ترتیب کے سلسلے میں بنیادی نسخہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ البتہ جہاں کہیں باقی دو قلمی نسخوں کا متن ہو بہو لیکن زیر بحث نسخے سے مختلف تھا وہاں باقی دو نسخوں کا متن ہی درست قرار پایا ہے۔ اسی طرح اگر زیر بحث نسخے اور باقی دو قلمی نسخوں میں سے ایک کا متن ہو بہو لیکن تیسرے قلمی نسخے سے مختلف تھا وہاں بھی کثرت وقایع کو ہی ترجیح دے کر ان کی عبارت شامل متن کرلی گئی ہے۔

قلمی نسخہ نمبر ۲۹۲۹ کی نہ تو کتابت صاف ہے اور نہ ہی اس کے نقلِ متن میں احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ نتیجے کے طور پر اس میں کافی خامیاں اور کوتاہیاں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ کبھی کبھی شعروں کے شعر کتابت سے رہ گئے ہیں۔ بعض اشعار دو دو بار نقل ہوئے ہیں۔ کبھی کبھی شعر کا ایک مصرعہ دوسرے شعر کے مصرعہ کے ساتھ جوڑا گیا ہے۔ اس قلمی نسخے کی کتابت میں ہر غزل کے اوپر نمبر شمار از لحاظ ترتیب غلط درج ہوا ہے اور اس اندراج کی ترتیب میں کاتب سے اشتباہات بھی سرزد ہوئے ہیں اور سرراہ کسی ایک شمار کے گھٹ جانے سے یہ غزلیں (۴۱) اکتالیس کے بجائے گھٹ کر ۴۰ رہ گئی ہیں۔ ہمارے خیال میں کاتب کے ذہن پہ چہل اسرار سے وابستہ عقیدہ کی تقلید کے سبب ایسا ہوا ہے، پر اتنا کرم ہوا ہے کہ غزل نہیں اڑا پائی ہے بلکہ صرف شمار کی حد تک اس نے اپنے عقیدے کی تشفی کی ہے۔ بہرحال اس قلمی نسخے کی ایک سے چھ[۶] تک، نو[۹] سے دس[۱۰] تک اور چودہ[۱۴] سے اٹھارہ[۱۸] تک کی غزلیں مذکورہ ترتیب کے تحت ہی ہمارے مرتب کردہ چہل اسرار میں بھی درج ہوئی ہیں۔ لیکن ساتویں غزل، غزل آٹھ کی جگہ، آٹھویں غزل، غزل سات کی جگہ، گیارہویں غزل، غزل باراں کی جگہ، بارہویں غزل، غزل تیراں کی جگہ، تیرہویں غزل، غزل اکیس[۲۱] کی جگہ،

کے ترجمے سے اس بات کی دلالت ہوتی ہے کہ مترجم شاہ ہمدانؒ سے متعلق تفصیلی معلومات کا حاصل رہا ہوگا۔ یہ منظوم کشمیری ترجمہ ہر دو شعروں کے بعد اور کبھی کبھار ایک شعر کے بعد ساتھ ساتھ درج کیا گیا ہے۔ چونکہ یہ ترجمہ کسی مقررہ اور باقاعدہ رسم خط میں نہیں لکھا گیا ہے اس لیے قدم قدم پر اسکے پڑھنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ بعض الفاظ ایسے استعمال کیے گئے ہیں جو اب متروک ہو چکے ہیں۔ جیسے "آفتاب" یا "ہریہ" کے بدلے "رُو" استعمال کیا گیا ہے۔ جس کے بارے میں ماہرینِ لسانیات کا خیال ہے کہ یہ کشمیر کی ابتدائی آبادی جیسے ناگ یا پشاچ قوموں کا لفظ ہے جو اب متروک ہو چکا ہے۔ راقم کو تحقیق کے دوران ریاستِ جموں و کشمیر کے محکمہ تحقیق و اشاعت کے کتب خانے سے ۴۳۲ اندراج کے تحت اسی منظوم کشمیری ترجمے کی ایک اور کاپی ہاتھ آئی جو ۱۳۶۵ھ میں "امین کشمیر بک ڈپو گاگھن زینہ کدل سری نگر" نے شائع کیا ہے۔ اس کے سرورق پر لکھی ہوئی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ترجمہ ولی اللہ متو صاحب کا ہے۔ ولی اللہ متو کشمیر کے مشہور مثنوی نگار شاعر محمود گامی کا ہم عصر تھا۔ یہ دونوں شاعر افغان اور سکھ ادوار کی پیداوار ہیں۔ راقم نے اس خیال سے کہ یہ کشمیری ادب کے منظوم تراجم کے سرمائے کی تحقیق کے سلسلے میں ایک اچھا اور نادر اضافہ ہو سکتا ہے، اسکو ہم نے موجودہ کشمیری رسم خط میں لکھا۔ لیکن راقم کو اس بات کا کوئی دعویٰ نہیں ہے کہ وہ اسکے پڑھنے میں پوری طرح کامیاب ہوا ہے کیونکہ بہت سے اشعار وزن سے گر جاتے ہیں۔ بعض جگہوں کے الفاظ راقم سے پڑھے ہی نہیں جا سکے۔ مجبوراً ایسی جگہوں پر نقطہ ریزی سے کام لیا گیا ہے۔ اس قسم کے شعروں، مصرعوں اور الفاظ کی نشاندہی سوالیہ نشان کے ذریعے بھی کی گئی ہے۔ بہر حال چہل اسرار کا زیرِ بحث قلمی نسخہ اپنی قدامت و کتابت اور دوسری خوبیوں کی بنا پر بنیادی نسخہ کی حیثیت میں سامنے

اٹھارویں غزل (جس کی ابتداء میں کاتب نے سہواً ۱۸ کا نمبر شمار درج کیا ہے جبکہ اصل میں اس کا نمبر شمار ۱۹ آتا ہے) غزلِ انیس کی جگہ، انیسویں غزل، غزلِ بیس کی جگہ، بیسویں غزل، غزل بائیس کی جگہ، اکیسویں غزل، غزل چوبیس کی جگہ بائیسویں غزل، غزل تیئس کی جگہ تیئسویں غزل، غزل اُنتیس کی جگہ، چوبیسویں غزل، غزل پچیس کی جگہ، پچیسویں غزل، غزل اٹھائیس کی جگہ، چھبیسویں غزل، غزل گیارہ کی جگہ، ستائیسویں غزل، غزل چھبیس کی جگہ، اٹھائیسویں غزل، غزل ستائیس کی جگہ، انتیسویں غزل، غزل تیس کی جگہ، تیسویں غزل، غزل بتیس کی جگہ، اکتیسویں غزل، غزل پینتیس کی جگہ، بتیسویں غزل، غزل چونتیس کی جگہ، تینتیسویں غزل، غزل پینتیس کی جگہ، چونتیسویں غزل، غزل اکتیس کی جگہ، پینتیسویں غزل، غزل چھتیس کی جگہ، چھتیسویں غزل، غزل سینتیس کی جگہ، سینتیسویں غزل، غزل اڑتیس کی جگہ، اڑتیسویں غزل، غزل انتالیس کی جگہ، انتالیسویں غزل، غزل چالیس کی جگہ، اور چالیسویں غزل، غزل اکتالیس کی جگہ درج ہوئی ہے۔

نسخہ ۲۲، ۲۷ کا کاتب اور سالِ نقل دونوں نامعلوم ہیں۔ اس کی کتابت اگرچہ زیادہ صاف ستھری نہیں ہے لیکن نقلِ متن کے سلسلے میں کاتب نے احتیاط سے کام لیا ہے۔ البتہ کاغذ پھٹا پرانا بوسیدہ اور کرم خوردہ ہونے کی وجہ سے کہیں کہیں عبارت کا پڑھنا محال ہو جاتا ہے۔ ان جگہوں پر چارو ناچار نسخہ ۲۹۲۹ کی عبارت پر ہی اکتفا کرنا پڑا۔ اس قلمی نسخے میں ۴۱ غزلیں درج ہیں۔ دوسرے دو قلمی نسخوں کے مقابلے میں اس نسخہ میں درج غزلوں کے اشعار کی تعداد زیادہ ہے۔ اس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں چہل اسرار کا منظوم کشمیری ترجمہ بھی درج ہے۔ جسکے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ آیا ترجمہ کار خود کاتب ہے یا اور کوئی شخص کیونکہ مترجم نے ابتدا سے آخر تک اپنے بارے میں کہیں بھی اشارہ نہیں کیا ہے۔ البتہ غزل ۲۹ اور ۴۱ کے منظوم

آیا ہے۔ لیکن بعض اوقات شاعرانہ نزاکتوں، لطافتوں اور دوسری باریکیوں کی وجہ سے، مثلاً شعر کے پہلے مصرعہ میں ضمیرِ حاضر کا صیغہ اور مصرعہ ثانی میں ضمیرِ غائب کا صیغہ استعمال کیا گیا تھا تو وہاں قلمی نسخہ ۲۹۲۹ کی عبارت شاملِ متن کرنا پڑی۔ جس کے دونوں مصرعوں میں ایک ہی ضمیر کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔

ان سب باتوں کے پیشِ نظر اشعار کی تدوین کے ضمن میں اسطرح کے لوازمات کی تفہیم ضروری ہے تاکہ الفاظ و محاورات، استعارات و اصطلاحات اور تشبیہات و تمثیلات کی صحیح صحیح نشاندہی کی جاسکے۔ اس لیے راقم نے تدوین کے ساتھ ساتھ اسکا اردو نثر میں ترجمہ بھی کیا ہے اگرچہ بعض اشعار کا یہ ترجمہ منظوم کشمیری ترجمے سے ملتا ہے لیکن بہت سے اشعار کا ترجمہ منظوم کشمیری ترجمے سے مختلف ہے۔ یہ فرق شاید شعر فہمی کے امتزاج کے سبب رونما ہوا ہے شعر فہمی میں مرادات اور تعبیرات کا رخ انسان کے ذاتی افہام پر منحصر ہے۔ اس لیے ایسا ہو گزرا ہے۔ دوسری وجہ نظم و نثر کا واضح فرق ہے۔ تیسری اور بڑی وجہ یہ ہے کہ مذکورہ قلمی نسخوں کا تقابلی مطالعہ کرنے کے بعد جو متن سامنے آیا ہے اسی کو سامنے رکھ کر اردو نثر میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس غالباً منظوم کشمیری ترجمہ ایک ہی نسخے کے متن کو مدِ نظر رکھ کر کیا گیا ہے۔ اردو نثر میں ترجمہ کرتے ہوئے اضافی الفاظ قوسین میں اس طرح رکھے گئے ہیں کہ اگر پڑھنے کے دوران انہیں یکسر چھوڑ بھی دیا جائے، جملہ معنی کی ابلاغ و تکمیل کی کفالت کرتا ہے۔ لیکن اگر اضافی الفاظ بھی جملے کے ساتھ پڑھے جائیں تو معنی اچھی طرح واضح ہو جاتے ہیں اس کی تدوین اور ترجمے میں ہم کسقدر کامیاب ہوئے ہیں اسکا فیصلہ قارئین کرام کریں گے۔ جن کی فاضلانہ آراء کا شدت سے انتظار رہے گا۔

• **اظہارِ تشکر:** زیرِ نظر کام کی تحقیق و تدوین اور ترجمہ و تکمیل میں

میرے شاگردِ رشید عبداللہ فاری نے غیر معمولی دلچسپی اور لگن دکھائی، میرے ساتھ نسخوں کی بازیدی میں بڑی کاوش سے کام لیا اور اس کا منظوم کشمیری ترجمہ شامل جس اسرار رکھنے میں نہ صرف بضد رہے بلکہ قدیم ترجمہ کو موجودہ کشمیری SCRIPT کی شکل دینے میں میری بھرپور مدد کی۔ گو کہ معروف شخصیت اور ادیب پروفیسر غلام محمد شاد صاحب کے ترجمہ "کشف الانوار" کے بعد اسکی ضرورت نہیں رہ جاتی تاہم تاریخی نقطہ نگاہ سے اس ترجمہ کو فارسی متن کے ہمراہ رکھنا پڑا۔

میری کشمیری زبان میں شناسائی و تحریر اور تعلیق کو عبداللہ فاری کے تعاون سے تقویت ملی ہے۔ وہ میرے قابلِ فخر شاگرد ہیں اور میری دعا ہے کہ وہ، وہ تمام علمی بہاریں دیکھیں جن کے کہ وہ متمنی اور مستحق ہیں۔

اردو اور کشمیری ترجموں کے ساتھ ساتھ غزلیاتِ شاہ ہمدانؒ کے انگریزی ترجمہ کی ضرورت اور افادیت و اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایک اور حسین اضافہ بھی۔ بحسن و خوبی عمل میں آگیا۔ انگریزی ترجمہ کی صحت زبان کے حفظ ماتقدم کی پاسداری و رواداری میں میرے گرامیقدر دوست شعبہ انگریزی کے استاد ڈاکٹر غلام رسول میر صاحب نے ترجمے کی نوک پلک کو سنوارنے میں عدیم الفرصتی کے باوجود جس دیدہ ریزی سے میری معاونت فرمائی۔ ان کی اس پُر خلوص وقت گذاری کے لئے میں ان کا جسقدر شکریہ ادا کروں، کم ہے ساتھ ہی ساتھ میں اپنے دوست ڈاکٹر محمد اشرف وانی اور ڈاکٹر شاد رمضان کے علاوہ ان تمام مخلص دوستوں، خیر خواہوں اور کرمفرماؤں کا شکرگزار ہوں جو وقتاً فوقتاً مجھے حوصلہ دیتے رہے ہیں اور میری ادبی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے رہے ہیں۔

ڈاکٹر محمد منوّر مسعودی
صدر شعبہ فارسی جامعہ کشمیر
سرینگر

۱

۱- ای گرفتاران عشقت فارغ از مال و منال
والهان حضرتت را از خود و جنت ملال

۲- مفلسان کوی شوقت را غلامی کرده چرخ
سالکان راه وصلت را دو عالم پایمال

۳- عارفان وصف تو مغبوط اشراف ملک
مدبران درگهت سرگشته در تیهٔ ضلال

۴- شمه‌ای از فیض لطفت بوی برده نه فلک
گشته سرگردان بگرد آستانت ماه و سال

۵- آتش از لطفت گلستان گشته در پیش خلیل
خورده نمرودی به قهر از نیم پشه گوشمال

۶- بلبلان نغمهٔ تسبیح در بستان غیب
وعده گویان به زیر گلبن باغ وصال

۷- طوطیان طارم علوی برآورده ز جان
نعره‌های ما عرفناک ای قدیم ذوالجلال

۸- پرتوی از عکس رویت تافته بر روی خاک
خاک از آنش پوشیده چندین خلعت حسن و جمال

۹- خانهٔ صنعت چو بست این نقش تمثال وجود
مهر شد بر تختهٔ غیب این مثال ازلی مثال

۱۰- هر که بر خاک درت ره یافت عزت یافت او
کز بیان وصف او فرسوده شد سرّ مقال

۱۱- پیش مجروحان هجرت نیش نوش پر شفا
تشنگان وصل را هر آتشی چون صد زلال

۱۲- کشتگان تیغ عشقت زندگانی جاودان
صید شاهین غمت شاهان ملک بی زوال

۱۳- باده نوشان غمت داود و معروف و جنید
جان فروشان درت عمار و سلمان و بلال

۱۴- دردی درد تو داروی دل هر باخبر
زیور ذکر تو زیب حال هر صاحب کمال

۱۵- در تمنای وصالت شد علائی جان‌فشان
تا چه خواهد دید آخر زین تمنای محال

۱۔ اے (محبوب)، تیرے عشق میں گرفتار (لوگ) مال و دولت سے آزاد ہیں۔ تیری پاک ذات کے عاشق اپنے وجود اور جنت سے اُکتا گئے ہیں۔

۲۔ تیرے شوق کے کوچے کے مفلسوں نے آسمان کو حلقہ بگوش بنا دیا ہے۔ تیرے وصل کے راستے کے سالکوں نے دونوں دنیاؤں کو ٹھکرا دیا ہے۔

۳۔ تیرے وصف کے عارفوں پر اشراف (ملائک) رشک کر رہے ہیں۔ تیری درگاہ سے منہ موڑنے والے ذلالت کے کنوئیں میں سرگرداں ہیں۔

۴۔ تیرے لطفِ فیض کی ذرا سی خوشبو نو آسمانوں نے اُڑائی جس سے وہ (نو آسمان) تیرے آستانے کے اردگرد ماہ و سال گھوم رہے ہیں۔

۵۔ تیرے لطف سے حضرت خلیل اللہؑ کے لیے آگ ایک گلستان میں بدل گئی اور نمرود کی گوشمالی ایک مچھر سے کرائی گئی۔

۶۔ غیب کی بساطِ گل میں ذکرِ الٰہی کے نغمہ خوان عندلیب باغِ وصال میں اشجارِ گلاب کے زیرِ سایہ "وحدہٗ لاشریک" کا نغمہ الاپ رہے ہیں۔

۷۔ بلند آسمانوں کے طوطے پورے جوش و خروش کے ساتھ "ما عرفناک اے قدیم ذوالجلال" کے نعرے بلند کیے ہوئے ہیں۔

۸۔ جب تیرے چہرے کے عکس کا پرتو زمین پر پڑا تو اُس سے زمین نے حسن و جمال کے رنگا رنگ لباس پہن لیے۔

۹۔ قدرت کی کاری گری کے قلم نے جب وجود کی تشکیل کا نقشہ کھینچا تو غیب کے تختے پر اس مثال کے ازلی مثال ہونے کی مہر ثبت ہوگئی۔

۱۰۔ جس کسی کا بھی تیری دہلیز سے گذر ہوا وہ مشرف بہ عزت ہوا۔ محبوب کے اظہارِ اوصاف

سے تمام اقوال کا پردہ چاک ہوگیا۔

۱۱۔ تیرے ہجر کے مجروحوں کے لیے زخم بھی باعثِ شفا ہیں۔ تشنگانِ وصل کے لیے ہر آگ و انگارہ صد ہا آبِ زلال کے مصداق ہے۔

۱۲۔ تیرے عشق کی تلوار سے مارے ہوئے (اشخاص) حیاتِ جاوداں پا گئے۔ تیرے شاہینِ غم کے شکار ملکِ جاوداں کے بادشاہ بن گئے۔

۱۳۔ تیرے غم کی شراب پینے والوں میں حضرتِ داؤدؓ، حضرت معروفؒ اور حضرت جُنیدؒ شامل ہیں۔ تیری دہلیز کے جاں فروشوں میں حضرتِ عمارؓ، حضرت سلمان فارسیؓ اور حضرت بلالِ حبشیؓ بھی ہیں۔

۱۴۔ تیرے درد کی چپیٹ ہر باخبر دل کی دوا ہے۔ تیرے ذکر کا زیور ہر صاحبِ کمال کیلئے باعثِ حسن و جمال ہے۔

۱۵۔ تیری آرزو میں علائی نے جان تک نچھاور کردی۔ کیا یہ آرزو بالآخر پوری بھی ہوگی یا نہیں۔

۱۔ پچّے گِرفتارَن نہ چائنَن مالِ دُنیا یاہ خوش کران
جان و جنّت چائِنہ نے دیوانہٗ خاصَن کھُران

۲۔ مُفلِسَن چاہِنَن پَیمُت آسمان پہ جو نے غو لام
سالکو لتہ دِرِز مشرِے دوئن عالمن کو رمت حرام

۳۔ عارفن کن دِچھ و چھی پھیران فرِشتن چائِنہ نے
مُدبِرن حاسا تیناہ کیناہ بد بِرشتن چائِنہ نے

۴۔ عشقہ چھیرے چانہ بتن چھیر وذ نو آسمان

حالب حالان برانڈ بے چانس چھہ انڈ کانڈ یگان

۵۔ ژبے کران گلزار نارس یار بے کیٹ پوشہ باغ

دشمنس اڈرے بے چُس نادکھیلو نادان ژبے دیماغ

۶۔ ذکر چانے ہندچھ زورتہ مت شور چانس بلبلن

زور تمت وحدہ چھک سوزنبلن تے تل گگن

(ب) ودیلیچ پوشہ تھر تل چھی ونان ژبے چھک گئے

ذاکرن ہند نغمہ کریوزی سریں زورتے اوسنے

۷۔ طوطہ ہیرم گو گمتی چھی ماعرفناک وذ وتی

لامکان گروہ تہ ژ جایا کیاہ خو دایا چھک غنی

۸۔ ینہ چانہ ذاتہ پاگلک خاکسے پیٹھ تا پھ ییو

تنہ کم کم جلوتراوان خاکسے گلزار گو

۹۔ خولتھس کیاہ نقش آدم ڈولتھس یاستہ قلم

کنوت نہ کانہہ انسان بے ییو ووتھ نہ کانہہ صاحب علم

۱۰۔ مینی برس چانہ بے پیٹھ سرتر وتھ نوب موربتا

مرحبا بوڈ مورتا تھو نوب تمس صد مرحبا

۱۱۔ بو چھ بتن چانین نتاتی چھ ٹوپہ انڈر غسل

نارنیران ترنشہ بتن چانہ بے ترنشہ بدل

۱۲۔ ماریم یم چانہ عشقن تا ابد تم زندہ روزد

گو کیم یم چانہ غمن سوجود چھی تم زانہہ نہ موود

۱۳۔ بادہ نوش تے چانہ زانن ژبے بوڈ صاحب کمال

جان فروشی چون عمارو ییمو سلمان و بلال

(ب) زورتہ سرونڈے بہ پادن بادہ نوشن چانہ بے

لادنا تھا وم لگے نا جان فروشن چانہ بے

۱۴۔ دود چونے دادکھ لدن چانہ بے دادن دوا

ذکر چانے ستر زیو ژ لبان بر بینوا

۱۵۔ شاہ ہمدانن تمنا جان فشانی یارہ باہ

چھم تمنا چھم تمنا کیاہ سنا مطلب لباہ

GHAZAL 1

1. O Beloved (God), those in love with thee care not for wealth; love for thy pious existence has made life and paradise insignificant for them.

2. In their quest, the poor wanderers have searched for thee in the heavens; for a union with thee thy have renounced both the worlds.

3. Angels envy thee for thy great qualities; those who have turned away from thy sanctuary are wallowing in the pit of dengeneration.

4. A little fragrance of thy benevolence has stirred the nine skies; therefore the skies revolve around thy sanctuary throughout the year.

5. Thy blessings turned fire into a garden for prophet Khalil and Namrood was undone by a mosquito.

6. In the garden of joy of the unknown, under a rosy tent, thy lovers are chanting the song of thy being the Absolute.

7. Parrots in thy lofty skies are chanting the song of thy eternal recognition with full devotion.

8. Why the radiance of thy face lit the surface of the earth, it wore a variegated garments of beauty and splendour.

9. While drawing the map of the world thou put thy original stamp on it from the unknown.

10. He who passed by thy threshold was elevated; the revelation of thy high qualities rendered all wise sayings irrelevant.

11. Even the wounds of separation work as a balm for the wounded; fire and embers are waters of immortality for those restless for thy union.

12. Those who were killed by the sword of love for thee are immortal. The hawks victimized by sorrow have become everlasting kings of the immortal.

13. The wine of sorrow was drunk by David, Maroof and Junaid. Those who sacrificed their lives at thy threshold included Ama, Solemon of Persia and Bilal of Africa.

14. The piercing of pain for thee is a balm for any conscious being. Thy remembrance is a beautiful and elegant dress for every perfect quester.

15. In his quest, Alaie even sacrificed his life for them. Will this quest ultimately bear fruit of not?

۲

۱. قبلهٔ[11] دل آفتابِ روی اوست — کعبهٔ جان خاکِ راه کوی اوست

۲. چون ز زلفش گشت عالم مشکبوی[12] — دوستی این و آن بر بوی اوست

۳. کفر و دین و نور و ظلمت در جهان — از رخِ[13] ماه و شب گیسوی اوست

۴. تیر باران بلا[14] بر هر که هست — از کمانِ پرخم ابروی اوست

۵. هر گرفتاری که اندر عالم است — از کمندِ زلفِ عنبربوی اوست

۶. هر گلی کو رست در باغِ وجود[15] — آبِ حیوان[16] هم از جوی اوست

۷. نالہ‌ہای بیدلانش هر سحر — بر دریغ و دردِ نقدِ[17] روی اوست

۸. آتشی کاندر میانِ جانِ ماست — از فروغِ نرگسِ جادوی اوست

۹. جز غمش درمان نه بینم در جهان — کین کمانِ لطف بر بازوی اوست

۱۰. هر دو عالم گر شود زیر و زبر — میلِ رنجورانِ هجرش سوی اوست

۱۱. چند گردی گردِ هر در ای علی
مرهمِ[18] این ریش از داروی اوست

۱. اُس کا درخشندہ چہرہ قبلۂ دل و جان اور اُس کے کوچے کی خاکِ راہ کعبۂ جان و ایمان ہے۔

۲. اُس کی زلفوں سے جب عالم مُشکبو ہوگیا تو تب جا کے دُنیائے محبت اور یگانگت وجود میں آئی ہے۔

۳. دنیا میں کفر و دین اور نور و ظلمت اُس کے چاند سے چہرے اور سیاہ زلفوں کے سبب
وجود میں آئے ہیں۔

۴. اُس کے پُرخم ابرُوؤں کے کمان تیروں کی بارش برسا رہے ہیں۔

۵. دنیا میں موجود ہر چیز اس کی عنبریں زلفوں کی کمند میں مقیّد ہے۔

۶. دنیا میں اُگے ہوئے ہر پھول نے اُس کی ندی سے زندگی کا پانی حاصل کیا ہے۔

۷. عشاق اپنے محبوب کے دیدار سے محرومی کے سبب بے دل ہر سحر آہ و فغان میں گُم گشتہ ہیں۔

۸. ہمارے دل و جان میں جو گرمی ہے وہ بھی اُس کی جادوئی نرگسی آنکھوں کی وجہ سے ہے۔

۹. دنیا میں اُسی کا غم میرے غموں کا درمان ہے کیونکہ مرہم کی یہ کمان اُسی کے پاس ہے۔

۱۰. دونوں عالم اگر زیر و زبر بھی ہو جائیں' اُس کی جدائی کے رنج زدوں کا دل محوِ وصالِ
یار ہے۔

۱۱. اے علی تم کب تک در در کی گردش میں رہو گے اس زخم کی دوا بھی اسی کے پاس ہے۔

۱. قبلۂ دل مہرِ رُو تَس یارہ شُند — کعبۂ جان خاکِ کُو تَس یارہ شُند

۲. یاڈ ہاوان زُلفِ پیچانگ ځماه — آوِ راوان از معو جیتھ عالماه

۳. حُسن رِدُ ہو رُوان تہ دینَن تُرو نُور — موے تُرُ رودُوان تہ گُغزن کُوژ ظُو ہور

۴۔ چلہ یالٔی پورن کمان پر شکن — تیر باران بلا نوزر عاشقن

۵۔ لیٔی گرِ فتاراہ بہ عالم کورسُتے — زلفہ گندٔ تس چھی تکُ سُنند نورستے

۶۔ گل روخن ہندکو وہ ندٔ از روی او — سارِنے بشر زندگی از جوی او

۷۔ وادِ تمٔ پسند ونزان کم ڈبرِ چھی — بیدلن ہندکی ڈبر ہکو مہ میٹر چھی

۸۔ عشقہ تارن یا پسندی گل وودو گیاہ — نرگسی چیشمن تسشنزن جودو کشاہ

۹۔ غم تس شُنڈے چھی دوا وادکر لدن — وہ کو تس شندے سوکو چھی ماتم زدن

۱۰۔ یوڈکری وہن عالمن زیر و زبر — عاشقن آ کی نہ جزدے کا تُنہ خبر

۱۱۔ ای علی پیسرن برہ برنا ردا
عاشقن ہندن چھو کن سے پچھے دوا

GHAZAL 2.

1. His radiant face is the arbiter of my heart and the dust of His road to Kaba my soul and life.

2. It was only when the fragrance of His hair spread all over the world that love and harmony came into existence.

3. Faith and heresy and light and darkness came into being because of his moony face and dark hair.

4. The bow of His curved eyebrow is sanding down valleys of arrows

5. Every thing present in the world is bound by the fragrant ook of His hair.

6. Every flower in the world was its existence to the water of His stream.

7. Lovers deprived of seeing their Beloved have been hopelessly crying and wailing each morning.

8. Whatever fire there is in my heart and life, it is because of His charming, daffodil-like eyes.

9. My sorrow for Him in this world is in fact a cure for my own griefs because it is He who has the power to heal.

10. Even if both the worlds are destroyed, the broken hearts can still find a home in their union with the beloved.

11. O Ali, how long will pain overwhelm you; He alone can relieve you.

۳

۱۔ اربابِ[19] ذوق در غمِ تو آرمیده اند — وز شادی و نعیمِ دو عالم رمیده اند
۲۔ پالودۂ شکنجۂ عشقند زان سبب — زآلودگانِ جیفۂ دنیا رہیده اند
۳۔ حورانِ خلد را بہ پشیزی نمی خرند — تا[20] از صفای حُسنِ تو رمزی شنیده اند
۴۔ مرغانِ عشق را بہ دو کون التفات نیست — تا در[21] فضای شوقِ تو روزی پریده اند
۵۔ از ضیقِ[22] خانقاہِ صورِ خرقۂ وجود — بر طارمِ سما برقدی کشیده اند
۶۔ از نازِ یار و محنتِ اغیار فارغند — چو در سرادقاتِ جلالش رسیده اند
۷۔ در مجلسِ شہود نشستہ ملوک وار — ذوقی ز جامِ اُنس[23] بعوض جان خریده[24] اند
۸۔ جان را بباد داده و دل پایمالِ عشق — جلبابِ نام و پردۂ دعویٰ دریده[25] اند
۹۔ بر بوی مہر گشت علائی رہینِ غم — کین دولت ازل[26] بمشک در دمیده اند

۱۔ اربابِ ذوق کو تمہارے ہی غم میں سکون ملتا ہے اور وہ دو عالم کی خوشی اور نعمتوں سے بیزار ہیں۔
۲۔ یہ لوگ شکنجۂ عشق کے پروردہ ہیں اسی لیے دنیا کی آلائشوں سے دور ہیں۔
۳۔ جب تک نہ تیرے حُسن کی کسی نہ کسی خوبی کا راز سنا ہو تب تک جنت کی حوروں کو بھی اسقدر سستا نہیں خریدا جا سکتا۔
۴۔ عشق کے پرندے بھی تب تک کارِ جہان کی طرف توجہ نہیں دیتے جب تک وہ روزانہ تیرے شوق کی فضا میں اڑان نہ بھر لیں۔
۵۔ عاشق خانقاہوں کے رنج و الم سے نکل کر بلند و بالا آسمانوں پر جا بیٹھے ہیں۔
۶۔ جب (عاشق) اُس کے پُر جلال پردوں سے گھرے ہوئے شامیانے میں پہنچتے ہیں تو وہ معشوق کے ناز و ادا اور غیروں کی تکلیف سے بے بہرہ ہو جاتے ہیں۔
۷۔ عشاق شہود کی مجلس میں بادشاہوں کی طرح بیٹھ کر ذوق' محبت کے پیالے سے جان کے عوض خرید کر پی رہے ہیں۔
۸۔ عشق نے دل و جان کو روند ڈالا اور تباہ کر دیا ہے' شہرت کی چادر اور دعویٰ کے پردوں کو چاک کر دیا ہے۔
۹۔ اے محبوب' علائی' تیری بوی محبت کے غم کا رہین ہے کیونکہ یہ دولتِ مشک و عنبر روزِ ازل سے گلِ اندوہ کے ساتھ ساتھ وجود میں آئی ہے۔

۱۔ یِس چانٛژ سہے دۄکھس غمس وَتی قرار
تَس دۄن جہان نِشی چھہ سۄکھن نیامَتن فرار

۲۔ تیمی میچھ ژِنیہ دۄن دِتے تہٕ بیتمس چھون سکنجہ گو
سۄ ر وارنیہ نِشہ ہُنہ ژوٚسے دوٚر رٔنجہ گو

۳۔ لوٚگ از شوراب حسنٕ جمالت یِمن نِشہ
مول بار ہنٛد نہٕ باتو چھُ حورن تِمن نِشہ

۴۔ گٔے اکِہ دۄہہ دُنیان ژِنیہ کن چانٛژ جانور
تمی تارِ تے کران چھِنہٕ دۄن عالمن نظر

۵۔ عاشق ژِنیہ عشقہ ناوِتھ تِمن مقام دِتھ برُوٹھی
ترٛاوِتھ پہ خانقاہ تقدین ممبرن گژھی

۶۔ از نازِ یار و محنت اغیار گے خلاص
تم تم چھِہ یم یوان ژِنیہ نِشہ چانٛژ چھہ یار خاص

۷۔ ڈیشتھ سہ جانِ جان مکان لامکان گو کھ
می کے تہٕ سوسے ز جام لقا دامہ دامہ چیوٚ کھ

۸۔ زۄو دِتکھ، دِل دِتکھ تہٕ سینہٕ پامال عشق
وٚتھ، ننگ و نام دِر کِر چھیکھ یِس جمالِ عشق

۹۔ عشقس غم تس شُند چھُ علی شبنم ہیوت سُتے
روز ازل تس پہ چھُ بوڑ بوگ دیت سُتے

GHAZAL 3

1. Those desirous of thee find peace in sorrow, and pleasures and contentments of both the worlds are futile for them.

2. Those people are trapped in their love for thee; therefore they are not tempted by worldly impurities.

3. How could the fairies of paradise become so cheap unless one knows the secret of some distinctive feature of thy beauty.

4. Those birds of love would not take interest in worldly affairs unless they fly in skies looking for thee.

5. Thy lovers have come out of the gloom prevailing in sanctuaries and have settled on lofty skies.

6. When lovers come under His glowing canopy, they care not for His delicate gestures nor partake in other's sufferings.

7. Love has claimed and destroyed my life totally; the blanket of fame and the veil of pretentious have been torn to pierces.

8. O Beloved, Alaie is grateful to thee for the gloom of the fragrance of his love for thee because this wealth of thy fragrance, along with the flower of sorrow, came into existence right from the day of creation.

۴

۱. برآن[۲۷] جان کز غمش بروی رقم نیست — نصیبش در دو عالم جز عدم[۲۸] نیست

۲. دلی کز دردِ او درمان نه سازد[۲۹] — وجودِ او بمعنی جز عدم نیست

